# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting of Citi Pharma Limited will be held on Wednesday, 08 July 2026, 02:00 p.m. at 588 Q, Johar Town, Lahore to transact the following Businesses:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of Annual General Meeting of the Company held on October 27, 2025.

**SPECIAL BUSINESS**

2. To consider and if thought fit pass with or without modification the following Special Resolution:

**SPECIAL RESOLUTION**

**Extra Ordinary General Meeting of Citi Pharma Limited and Citi Core Holdings (Pvt) Limited**

Scheme of arrangement under sections 279 to 283 and 285 of the companies Act, 2017 between the members of above-mentioned companies.

The honorable Lahore High court, Lahore Vide order dated 04-06-2026 passed in C.O.N 33119 of 2026 has been pleased to direct to hold extra ordinary general meeting (EOGM) of the members of Citi Pharma Limited and Citi Core Holdings (Pvt) Limited; to consider and if thought fit approve, adopt and agree to the scheme of holding compromises, arrangements and Reconstruction and to pass otherwise the following resolution without modification.

**"Resolved unanimously, "scheme of companies' arrangement and Reconstruction under the sections of the Companies Act, 2017 attached herein**

**Between**

**Citi Pharma Limited ("CPHL") and Citi Core Holdings (Pvt) Limited**

**-For-**

**The demerger of immovable property assets of CPHL into a newly incorporated Special Purpose Vehicle (The "SPV") Being a pre-condition to the formation of a Real Estate Investment Trust ("REIT") under the Real Estate Investment Trust Regulations 2022 (The "REIT Regulations")**

**Further resolved**

**The SPV shall issue consideration shares to CPHL as per REIT regulations.**

**Further resolved**

**As strategic investor under REIT Regulations "CPHL" will Transfer its 100% shareholding in the "SPV" to the REIT Trustee on Behalf of REIT Scheme other modalities of REIT Regulations will stand attached. The same stands agreed and approved,**

**However**

**Subject to any modification which may be required by the honorable Lahore High Court, Lahore"**

In Compliance to the above order of the Honorable Lahore High Court Lahore, the undersigned appointee issue and require the NOTICE That "EOGM" of the members of the respective companies will be held on 08-07-2026 as follows"

| Name of the Company | Venue | Time |
|---|---|---|
| Citi Pharma Limited | 588 Q Block M.A Johar Town Lahore | 02:00 p.m. |
| Citi Core Holdings (Pvt) Ltd | 588 Q Block M.A Johar Town Lahore | 03:00 p.m. |

Under the supervision of Chairman for the Extra Ordinary general Meeting as
appointed by the
Honorable Lahore High, Court, Lahore

Mr. Amar Sana (ASC)
2.A Block G, Gulberg-II
Lahore.

Dated: 15-06-2026

**OTHER BUSINESS**

3. To transact any other business that may be placed before the meeting with the permission of the Chair.

*(Attached to this notice is a Statement of Material Facts covering the abovementioned Special Business, as required under section 134(3) of the Companies Act, 2017)*

By Order of the Board

Muhammad Rasheed Alam
Company Secretary
Citi Pharma Limited

Place: Lahore
Date: 15 June 2026

**Notes:**

1. The statement under section 281 of the companies Act, 2017(“Act) read with the statement of facts under section 134(3) of the Act **(“Statement”)** setting forth, inter alia, the terms of the Agreement and explaining its effects, along with a copy of the scheme of arrangement are being circulated along with the Notice of the EOGM to the members and other persons(s), entitled to receive Notice of the EOGM.

2. Copies of the Scheme of Arrangement under section 279 to 283 of the Act, recent audited accounts of the companies along with the necessary financial details, memorandum and article of association, requisition approvals and any other related information/documents may also be inspected/procured during the business hours on any working day at Head Office of the Companies i.e., 588 Q Block M.A Johar Town Lahore, from the date of publication of this Notice till the conclusion of the EOGM. In case of any difficulty, the same should be immediately brought to the notice of the mentioned Chairman.

**3.** The notice of meeting is issued qualifying the time schedule of 21 days as required by the Companies Act,2017.

**4. Participation in the EOGM via physical presence including through proxy:**

Members whose names appear in the Register of Members as of July 01, 2026, are entitled to attend and vote at the EOGM. A member entitled to attend and vote at the EOGM is entitled to appoint a proxy to attend, speak and vote for him/her. The proxy need not be a member of the Company:

An Instrument of proxy applicable for the EOGM is being provided with the Notice sent to the members. Proxy form may also be downloaded from the Company's website: www.citipharma.com.pk. An instrument of proxy and the power of attorney or other authority, if any, under which it is signed, or a certified true copy of such power or authority duly notarized must, to be valid, be received at the Company's Head Office: 588 Q Block M.A Johar Town Lahore(attention to the Company Secretary) or email at corporate@citipharma.com.pk not less than 48 hours before the time of EOGM.

Members having physical shareholding are requested to submit a copy of their Computerized National Identity Card (CNIC) at the registered address of the Company's Share Registrar M/s F.D Registrar Services (Pvt) Ltd, 17th Floor Saima Trade Tower-A II Chundrigar Road Karachi. CDC account holders may submit the same to their respective CDC Participant/ Stockbroker / Investor Account Services.

If a member appoints more than one proxy and more than one instrument of proxy Is deposited by a member, all such instruments of proxy shall be rendered invalid.

5. **Participation in the EOGM through Video conferencing**:

a. Members interested in attending / participating in the EOGM through video link facility .ire hereby advised to get themselves registered with the Company by providing the following Information through email sent to corporate@citipharma.com.pk at the earliest, but not later than 48 hours before the time of the EOGM i.e. before 02:00 p.m. on July 06, 2026.

i. Name of Member;
ii. CNIC / NTN No.;
iii. Folio No./ CDC IAS No.;
iv. Cell No.; and
v. Email address.

b. The online meeting link and login credentials will be shared with only those members who provide their intent to attend the meeting containing at the required particular’s as mentioned above on or before July,06, 2026 by 02:00 p.m.
c. The login facility will remain open from 01:30 p.m. on July 08, 2026 till the end of EOGM.
d. An individual beneficial owner of the shares must share his/her original CNIC or Passport, Account and Participant's ID numbers to prove his/ her identity. A representative of corporate members must bring the Board of Directors' Resolution and/or Power of Attorney and the specimen signature of the nominee. CDC account holders will further have to follow the guidelines as laid down in Circular No. 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

6. **Circulation of Notice to the shareholders through Email:**

Moreover, as per the SECP's notification vide SRO 452(1)/2025, dated March 17, 2025, the notice of the EOGM shall be circulated to members through email in case email address has been provided by the respective member to the Company regardless of the fact that the consent of the member to receive the notice through email has been received or not.

7. **Book closure**

The share transfer books will remain closed from July 02,2026 to July 08, 2026 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of Company's Share Registrar, M/s F.D Registrar Services (Pvt) Ltd, 17th Floor Saima Trade Tower-A II Chundrigar Road Karachi at the close of business on July 01, 2026 shall be treated in time for the purpose of attending the EOGM.

8. **Change of Address**

Members having physical shares are requested to notify changes in their address, if any, immediately to the Company's Share Registrar, M/s F.D Registrar Services (Pvt) Ltd, 17th Floor Saima Trade Tower-A II Chundrigar Road Karachi. CDC account holders may submit the same to their respective CDC Participant/ Stockbroker/ Investor Account Services

9. **Polling on Special Business Resolutions:**

The members are hereby notified that pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 (the "Regulations"), as amended through Notification dated December 05, 2022, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP"), the SECP has directed all the listed companies to provide the right to vote through electronic voting facility and voting by post to the members on all businesses classified as special business.

Accordingly, members of the Company will be allowed to exercise their right to vote through electronic voting facility or voting by post for the special business in its forthcoming EOGM to be held on July 08, 2026 at 02:00 p.m. in accordance with the requirements and subject to the conditions contained in the aforesaid Regulations.

For the convenience of the Members, ballot paper is annexed to this notice and the same is also available on the Company's website at www.citipharma.com.pk for download.

1. **Procedure for E-Voting:**

I. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company by the close of business on July 01, 2026.

II. The web address, login details, and password, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from the web portal of CDC Share Registrar Services Limited (being the e-voting service provider).

Ill. Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

IV. E-Voting lines will start from July 03,2026 and shall close on July 07, 2026 at 5:00 p.m. Members can cast their votes any time during this period. Once the vote on a resolution is cast by a Member, he/ she shall not be allowed to change It subsequently.

2. **Procedure for Voting Through Postal Ballot:**

The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with copy of Computerized National Identity Card (CNIC), should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's head address at 588 Q Block Johar Town Lahore or email at Chairman@citipharma.com.pk. no later than one day before the EOGM on July 08, 2026, i.e. by July 07, 2026 during working hours (before 12:00 p.m.). The signature on the ballot paper shall match the signature on CNIC.

**10. Appointment of Scrutinizer**

In accordance with Regulation No 11A of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, the Board of the Company has appointed M/s. Aslam Malik & CO, Chartered Accountants, to act as the Scrutinizer of the Company for Polling on the Special Business, and to undertake other responsibilities as defined In Regulation No. 11A.

11. **Unclaimed Dividend and Bonus Shares:**

Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend or bonus shares or did not collect their physical shares, are advised to contact our Share Registrar i.e., M/s F.D Registrar Services (Pvt) Ltd, 17th Floor Saima Trade Tower-A II Chundrigar Road Karachi to collect/enquire about their unclaimed dividend or pending shares, if any.

Please note that-in compliance with Section 244 of the Companies Act 2017, after having completed the stipulated procedure, all dividend unclaimed tor a period of three years from the date due and payable shall be deposited to the credit of the Federal Government and in case of shares, shall be delivered to the Securities & Exchange Commission of Pakistan.

**12. Conversion of physical shares in to Book-entry form**

In compliance with section 72 of the Companies Act 2017 and SECP's: Letter No. CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated 26 March 2021, listed companies are required to replace existing physical shares issued by them into Book-Entry Form. In view of the above requirement shareholders of the Company having physical folios/ share certificates are requested to convert their Shares from physical form into Book-Entry Form as soon as possible.

Conversion of physical shares into Book-Entry Form would facilitate the shareholders in many way, including safe custody of shares, readily available market for instant sale and purchase of share, eliminate risk of loss & damage, easy & safe transfer with lesser formalities as compared to physical shares. The shareholders of the Company may contact Share Registrar of the Company ie F.D Registrar for assistance in conversion of physical shares into Book-Entry Form.

**13. Others**

In accordance with Section 185 of the Companies Act, 2017 and SRO 452(1)/2025, dated March 17, 2025, the SECP has directed to clearly stipulate that no gifts will be distributed at the EOGM.

## STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

### Purpose of Transaction

The Board of Directors has approved a Scheme of Arrangement and Demerger under Sections 279 to 283 read with Section 285 of the Companies Act, 2017 whereby certain immovable properties of Citi Pharma Limited shall be transferred and vested in Citi Core Holdings (Private) Limited, a Special Purpose Vehicle established for participation in a Real Estate Investment Trust structure.

### Properties Subject to Scheme

The properties proposed to be vested comprise:

1. Property situated at Mouza Haloki, Model Town Extension, Lahore.
2. Property situated at 71-E Hali Road, Gulberg III, Lahore.

### Consideration

An independent valuation of the properties has been carried out and an Auditor's Certificate has been issued by Aslam Malik & Co., Chartered Accountants. Pursuant thereto, Citi Core Holdings (Private) Limited shall issue 331,720,000 ordinary shares of Rs.10 each to Citi Pharma Limited as consideration.

### Future REIT Structure

Upon effectiveness of the Scheme, Citi Pharma Limited intends to transfer the SPV shares to a REIT Trustee in exchange for REIT Units under the REIT Regulations, 2022.

### Directors' Interest

The Directors of the Company have no direct or indirect interest in the proposed transaction except in their capacity as shareholders of the Company.

### Note

Copies of the Scheme of Arrangement, Petition, Auditor's Certificate, Valuation Reports and related documents are available for inspection at the Registered Office of the Company during business hours up to the date of the Extraordinary General Meeting.

**CITI PHARMA LIMITED**
**BALLOT PAPER FOR VOTING THROUGH POST**

For voting through post for the Special Business at the Extra Ordinary General Meeting of Citi Pharma Limited to be held on (Wednesday) 08 July 2026 at 02:00 p.m. (PST) at Head Office Citi Pharma Limited, 588 Q, Johar Town, Lahore

Designated email address of the Chairman at which the duly filled in ballot paper may be sent: chairman@citipharma.com.pk

| | |
|---|---|
| Name of shareholder/joint shareholder(s): | |
| Registered Address: | |
| Folio No./ CDC Participant/ Investor ID with sub-account No. | |
| Number of shares held | |
| CNIC, NICOP/Passport No. (In case of foreigner) (Copy to be attached) | |
| Additional Information and enclosures<br>(In case of representative of body corporates, corporations and Federal Government) | |
| Name of Authorized Signatory: | |
| CNIC, NICOP/Passport No. (In case of foreigner)<br>of Authorized Signatory - (Copy to be attached) | |

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the following special resolutions through postal ballot by giving my/our assent or dissent to the following resolutions by placing tick □ mark in the appropriate box below:

**Special Resolutions**

Scheme of arrangement under sections 279 to 283 and 285 of the companies Act, 2017 between the members of above-mentioned companies.

The honorable Lahore High court, Lahore Vide order dated 04-06-2026 passed in C.O.N 33119 of 2026 has been pleased to direct to hold extra ordinary general meeting (EOGM) of the members of Citi Pharma Limited and Citi Core Holdings (Pvt) Limited; to consider and if thought fit approve, adopt and agree to the scheme of holding compromises, arrangements and Reconstruction and to pass otherwise the following resolution without modification.

**"Resolved unanimously, "scheme of companies' arrangement and Reconstruction under the sections of the Companies Act, 2017 attached herein Between Citi Pharma Limited ("CPHL") and Citi Core Holdings (Pvt) Limited.**

**-For-**

**The demerger of immovable property assets of CPHL into a newly incorporated Special Purpose Vehicle (The "SPV") Being a pre-condition to the formation of a Real Estate Investment Trust ("REIT") under the Real Estate Investment Trust Regulations 2022 (The "REIT Regulations")**

**Further resolved, the SPV shall issue consideration shares to CPHL as per REIT regulations.**

**Further resolved, as strategic investor under REIT Regulations "CPHL" will Transfer its 100% shareholding in the "SPV" to the REIT Trustee on Behalf of REIT Scheme other modalities of REIT Regulations will stand attached. The same stands agreed and approved,**

**However**

**Subject to any modification which may be required by the honorable Lahore High Court, Lahore"**

In Compliance to the above order of the Honorable Lahore High Court Lahore, the undersigned appointee issue and require the NOTICE That "EOGM" of the members of the respective companies will be held on 08-07-2026 as follows"

| **Name of the Company** | **Venue** | **Time** |
|---|---|---|
| Citi Pharma Limited | 588 Q Block M.A Johar Town Lahore | 02:00 p.m. |
| Citi Core Holdings (Pvt) Ltd | 588 Q Block M.A Johar Town Lahore | 03:00 p.m. |

Under the supervision of Chairman for the Extra Ordinary general Meeting as appointed by the Honorable Lahore High, Court, Lahore

I/we hereby exercise my/our vote in respect of above-mentioned special resolutions through postal ballot by conveying my/our assent or dissent to the said resolutions by placing tick  mark in the appropriate box below:

| Sr. No. | Nature and Description of resolutions | I/We assent to the Resolutions (FOR) | I/We dissent to the Resolutions (AGAINST) |
|---|---|---|---|
| 1. | Special Resolutions as per the above Agenda | | |

____________________________________
Shareholder/ Proxy holder Signature/Authorized Signatory
(In case of corporate entity, please affix company stamp)

Place:______________Date: ________________

**NOTES:**
1. Duly filled postal ballots should be sent to the Chairman at 588 Q, Johar Town, Lahore or through email at: chairman@citipharma.com.pk
2. Copy of CNIC, NICOP/Passport (In case of foreigner) should be enclosed with the postal ballot form.
3. Postal Ballot form should reach the Chairman of the Meeting on or before 07 July 2026 up to 5:00 p.m. Any Postal Ballot received after this time/date, will not be considered for voting.
4. In case of a representative of a body corporate, corporation or Federal Government, the Ballot Paper form must be accompanied by a copy of the CNIC of an authorized person, an attested copy of Board Resolution/ Power of Attorney I Authorization Letter etc., in accordance with Section(s) 138 or 139 of the Companies Act, 2017 as applicable. In the case of foreign body corporate etc., all documents must be attested by the Consul General of Pakistan having jurisdiction over the member.
5. Signature on postal ballot should match with signature on CNIC, NICOP/Passport (In case of foreigner).
6. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written ballot paper will be rejected.
7. Ballot Papers form has also been placed on the website of the Company at: www.citipharma.com.pk Members may download the ballot paper from the website.

## *Proxy Form*

The Secretary
Citi Pharma Limited
588 Q, Johar Town, Lahore

I/We, ______________________________________________ of __________________

shareholder of Citi Pharma Limited, holding ____________________ ordinary share(s) as per Register Folio No. / CDC Account No. ____________________ hereby appoint ________________________________________ of ______________ holding CNIC/Passport No. ______________________ or failing him/her hereby appoint ______________________________________ of _____________ holding CNIC/Passport No. ______________________ as my/our proxy, to attend and vote for me/us and on my/our behalf at the Extraordinary General Meeting of the Company, to be held on Wednesday, July 08, 2026 at 02:00 p.m. and/or any adjournment thereof.

Signed this ___ day of __ 2026

**Witness** 1:

Signature: ____________________
Name: ______________________
CNIC#: ______________________
Address: ______________________
______________________________
______________________________

[Signature should agree with the specimen signature registered with the Company]

______________________
Signature of Member(s)

**Witness 2:**
Signature: ________________
Name: ________________
CNIC#: ______________

Address:

Shareholder's Folio No.:
and/or CDC Participant I.D. No.:
and Sub-Account No.:
Shareholder's CNIC #:

Note:
1. The member Is requested:
   - i) To sign In the given box In the same style of signature as Is registered with the Company.
   - II) To write down his/her/their folio number.
   - 111) Attach an attested photocopy of their valid Computerized National Identity Card/Passport/Board Resolution and the copy of CNIC of the proxy, with this proxy form before submission.
2. In order to be valid, this proxy must be received at the registered office of the Company at least 48 hours before the time fixed for the meeting, duly completed In all respects.
3. CDS Shareholders or their proxies should bring their original computerized national Identity card or passport along with the Participant's ID Number and their Account Number to facilitate their Identification. Detailed procedure Is given In the notes to the notice of EOGM.

# سٹی فارما لمیٹڈ

# غیر معمولی عمومی اجلاس کا نوٹس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سٹی فارما لمیٹڈ کا غیر معمولی عمومی اجلاس بروز بدھ، 8 جولائی 2026، دوپہر 2:00 بجے، Q588-، جوہر ٹاؤن، لاہور میں منعقد ہوگا تاکہ درج ذیل امور نمٹائے جاسکیں:

**معمول کا کاروبار**

1۔ کمپنی کے سالانہ عمومی اجلاس، منعقدہ 27 اکتوبر 2025، کے منٹس کی توثیق کرنا۔

**خصوصی کاروبار**

2۔ درج ذیل خصوصی قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اسے ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے منظور کرنا:

**خصوصی قرارداد**

**سٹی فارما لمیٹڈ اور سٹی کور ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا غیر معمولی عمومی اجلاس**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 279 تا 283 اور 285 کے تحت مذکورہ کمپنیوں کے اراکین کے مابین اسکیمِ انتظام و تنظیمِ نو۔

معزز لاہور ہائی کورٹ، لاہور نے مقدمہ C.O.N 33119 of 2026 میں مورخہ 4 جولائی 2026 کو جاری کردہ اپنے حکم کے ذریعے سٹی فارما لمیٹڈ اور سٹی کور ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے اراکین کا غیر معمولی عمومی اجلاس منعقد کرنے کی ہدایت فرمائی ہے تاکہ سمجھوتوں، انتظامات اور تنظیمِ نو پر مشتمل اسکیم پر غور کیا جاسکے اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اسے منظور، اختیار اور قبول کیا جائے اور درج ذیل قرارداد بغیر کسی ترمیم کے منظور کی جائے۔

**"متفقہ طور پر قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی متعلقہ دفعات کے تحت منسلک کمپنیوں کی اسکیمِ انتظام و تنظیمِ نو:**

**سٹی فارما لمیٹڈ (CPHL) اور سٹی کور ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے درمیان منظور کی جاتی ہے۔**

**مزید یہ کہ:**

**CPHL کے غیر منقولہ جائیدادی اثاثوں کو تقسیمِ اثاثہ (Demerger) کے ذریعے ایک نئی قائم شدہ اسپیشل پرپز وہیکل (SPV) میں منتقل کیا جائے گا، جو ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (REIT) کے قیام کے لیے REIT Regulations 2022 کے تحت پیشگی شرط ہوگی۔**

**مزید یہ قرار دیا جاتا ہے کہ:**

**SPV، REIT Regulations کے مطابق، CPHL کے حق میں عوضی حصص جاری کرے گی۔**

**مزید یہ قرار دیا جاتا ہے کہ:**

**REIT Regulations کے تحت بطور Strategic Investor، CPHL اپنی SPV میں موجود 100 فیصد شیئر ہولڈنگ REIT اسکیم کی جانب سے REIT Trustee کو منتقل کرے گی اور REIT Regulations کے تحت درکار دیگر تمام طریقۂ کار اور ضوابط اس کے ساتھ منسلک تصور کیے جائیں گے۔**

**یہ تمام امور منظور اور متفقہ طور پر قبول کیے جاتے ہیں۔**

تاہم:

**یہ منظوری ایسی کسی بھی ترمیم کے تابع ہو گی جو معزز لاہور ہائی کورٹ، لاہور کی جانب سے ضروری قرار دی جائے۔"**

مذکورہ عدالتی حکم کی تعمیل میں دستخط کنندہ مقرر کردہ نمائندہ بذریعہ ہذا نوٹس جاری کرتا ہے کہ متعلقہ کمپنیوں کے اراکین کے غیر 8 جولائی 2026 کو حسبِ ذیل منعقد ہوں گے:

| کمپنی کا نام | مقام | وقت |
|---|---|---|
| سٹی فارما لمیٹڈ | 588 Q-بلاک M.A جوہر ٹاؤن، لاہور | دوپہر 2:00 بجے |
| سٹی فارما لمیٹڈ | 588 Q-بلاک M.A جوہر ٹاؤن، لاہور | شام 3:00 بجے |

یہ اجلاس معزز لاہور ہائی کورٹ، لاہور کی جانب سے مقرر کردہ چیئرمین کی نگرانی میں منعقد ہوں گے۔

مسٹر عامر ثناء (ASC)

A-2 بلاک G گلبرگ-II، لاہور

مورخہ: 2026-06-15

**دیگر کاروبار**

3۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس کے روبرو پیش کیے جانے والے کسی بھی دیگر کاروبار پر غور و فیصلہ کرنا۔

بذریعہ حکمِ بورڈ

محمد رشید عالم

کمپنی سیکریٹری سٹی فارما لمیٹڈ

مقام: لاہور

تاریخ: 15 جون 2026

## نوٹس:

1. کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 281 کے تحت بیان، جسے ایکٹ کے سیکشن 134(3) کے تحت حقائق کے بیان کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، اور جس میں معاہدے کی شرائط وضوابط اور اس کے اثرات کی وضاحت شامل ہے، نیز اسکیمِ انتظام کی ایک نقل، غیر معمولی عمومی اجلاس کے نوٹس کے ساتھ اُن تمام اراکین اور دیگر متعلقہ اشخاص کو ارسال کی جارہی ہے جو اس نوٹس کے حصول کے حق دار ہیں۔
2. ایکٹ کی دفعات 279 تا 283 کے تحت مرتب کردہ اسکیمِ انتظام، کمپنیوں کے حالیہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ضروری مالی معلومات، میمورنڈم و آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، متعلقہ منظوریوں اور دیگر تمام متعلقہ دستاویزات کا معائنہ یا حصول، اس نوٹس کی اشاعت کی تاریخ سے لے کر غیر معمولی عمومی اجلاس کے اختتام تک، ہر کاروباری دن میں کمپنیوں کے ہیڈ آفس 588 Q-بلاک M.A جوہر ٹاؤن لاہور میں دفتری اوقات کے دوران کیا جاسکتا ہے۔ کسی دشواری کی صورت میں معاملہ فوری طور پر مذکورہ چیئرمین کے علم میں لایا جائے۔
3. یہ نوٹس کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت درکار 21 روزہ قانونی مدت کی تکمیل میں جاری کیا جارہا ہے۔
4. **جسمانی موجودگی یا پراکسی کے ذریعے شرکت:**

وہ اراکین جن کے نام 01 جولائی 2026 تک رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے، اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ہوں گے۔

ہر ایسا رکن جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو، اپنی جانب سے شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کا کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں۔

غیر معمولی عمومی اجلاس کے لیے پراکسی فارم نوٹس کے ساتھ فراہم کیا جارہا ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.citipharma.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

پراکسی فارم اور پاور آف اٹارنی یا دیگر مجاز دستاویزات، یا ان کی تصدیق شدہ نوٹری شدہ نقول، اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے ہیڈ آفس 588 Q-بلاک M.A جوہر ٹاؤن لاہور یا corporate@citipharma.com.pk پر موصول ہونا ضروری ہیں۔

فزیکل شیئرز رکھنے والے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار M/s F.D Registrar Services (Pvt.) Ltd.، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور A II-، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی کو جمع کروائیں۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز یہ معلومات اپنے متعلقہ CDC پارٹیسپنٹ، اسٹاک بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ سروسز پرووائیڈر کے ذریعے جمع کرا سکتے ہیں۔

اگر کوئی رکن ایک سے زائد پراکسی مقرر کرے اور ایک سے زائد پراکسی فارم جمع کرائے تو ایسے تمام پراکسی فارم کالعدم تصور ہوں گے۔

5. **ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت:**

**الف۔** وہ اراکین جو ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنا چاہتے ہوں، درج ذیل معلومات corporate@citipharma.com.pk پر 6 جولائی 2026 دوپہر 2:00 بجے سے قبل ارسال کریں:

i. رکن کا نام
ii. CNIC / NTN نمبر
iii. Folio / CDC IAS نمبر
iv. موبائل نمبر
v. ای میل ایڈریس

**ب۔** آن لائن میٹنگ کا لنک اور لاگ اِن تفصیلات صرف اُن اراکین کو فراہم کی جائیں گی جو مذکورہ بالا مطلوبہ معلومات کے ساتھ اپنی شرکت کی خواہش 06 جولائی 2026 کو دوپہر 2:00 بجے تک کمپنی کو ارسال کریں گے۔

**ج۔** لاگ اِن کی سہولت 08 جولائی 2026 کو دوپہر 1:30 بجے سے اجلاس کے اختتام تک دستیاب رہے گی۔

د۔ حصص کا کوئی انفرادی حقیقی مالک (Beneficial Owner) اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ نمبر اور Participant ID نمبر فراہم کرے گا۔

کارپوریٹ اراکین کے نمائندگان بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/یا پاور آف اٹارنی کے ساتھ نامزد نمائندے کے نمونہ دستخط بھی پیش کریں گے۔

CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں درج ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

## 6. ای میل کے ذریعے نوٹس کی ترسیل

مزید برآں SECP کی نوٹیفکیشن SRO 452(1)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے مطابق، غیر معمولی عمومی اجلاس کا نوٹس اُن اراکین کو ای میل کے ذریعے بھی ارسال کیا جائے گا جنہوں نے اپنا ای میل ایڈریس کمپنی کو فراہم کر رکھا ہے، خواہ انہوں نے ای میل کے ذریعے نوٹس وصول کرنے کی رضامندی دی ہو یا نہ دی ہو۔

## 7۔ بک کلوزر

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 02 جولائی 2026 سے 08 جولائی 2026 تک (دونوں ایام سمیت) بند رہیں گی۔ شیئرز کی منتقلی سے متعلق تمام دستاویزات جو M/s F.D Registrar Services (Pvt.) Ltd.، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور A II-، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں 1 جولائی 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہو جائیں گی، انہیں غیر معمولی عمومی اجلاس میں شرکت اور حقِ رائے دہی کے استعمال کے مقصد کے لیے بروقت موصول شدہ تصور کیا جائے گا۔

## 8۔ پتے میں تبدیلی

فزیکل شیئرز رکھنے والے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان کے رہائشی یا ڈاک کے پتے میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی ہو تو وہ اس کی فوری اطلاع کمپنی کے شیئر رجسٹرار، M/s F.D Registrar Services (Pvt.) Ltd.، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور A II-، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی کو فراہم کریں۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے پتے میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کی اطلاع اپنے متعلقہ CDC Participant، اسٹاک بروکر (Stockbroker) یا انویسٹر اکاؤنٹ سروسز پرووائیڈر (Investor Account Services Provider) کو فراہم کریں۔

## 9۔ خصوصی کاروبار پر پولنگ

کمپنی کے اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018، جن میں 5 دسمبر 2022 کی ترمیم بھی شامل ہے، کے مطابق سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ خصوصی کاروبار کے طور پر درجہ بند تمام معاملات پر اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے ذریعے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی سہولت فراہم کریں۔ لہٰذا کمپنی کے اراکین 8 جولائی 2026 کو دوپہر 2:00 بجے منعقد ہونے والے غیر معمولی عمومی اجلاس میں خصوصی کاروبار کے سلسلے میں الیکٹرانک ووٹنگ یا ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے ذریعے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کر سکیں گے۔ اراکین کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے، جبکہ یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.citipharma.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

## 1۔ الیکٹرانک ووٹنگ کا طریقہ کار

I الیکٹرانک ووٹنگ کی تفصیلات اُن اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 1 جولائی 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں موجود ہوں گے۔

II ویب ایڈریس، لاگ اِن تفصیلات اور پاس ورڈ اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔ سیکیورٹی کوڈز CDC Share Registrar Services Limited (بطور ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کے ویب پورٹل سے SMS کے ذریعے ارسال کیے جائیں گے۔

III الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن توثیق کے ذریعے کی جائے گی۔

IV الیکٹرانک ووٹنگ کا آغاز 03 جولائی 2026 سے ہوگا اور 07 جولائی 2026 شام 5:00 بجے اختتام پذیر ہوگا۔ اس مدت کے دوران اراکین کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد اسے تبدیل نہیں کیا جا سکے گا۔

**2۔ ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار**

اراکین اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ مکمل طور پر پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کے ہمراہ، بذریعہ ڈاک یا ای میل اجلاس کے چیئرمین کو ارسال کر دیا جائے۔ بیلٹ پیپر Q-588، بلاک جوہر ٹاؤن، لاہور کے پتے پر یا Chairman@citipharma.com.pk کے ای میل ایڈریس پر بھیجا جا سکتا ہے۔ مکمل شدہ بیلٹ پیپر غیر معمولی عمومی اجلاس سے کم از کم ایک روز قبل، یعنی 7 جولائی 2026 کو دوپہر 12:00 بجے سے پہلے موصول ہونا ضروری ہے۔ مزید برآں، بیلٹ پیپر پر موجود دستخط قومی شناختی کارڈ (CNIC) پر درج دستخطوں سے مطابقت رکھنے چاہئیں۔

**10۔ جانچ کنندہ (Scrutinizer) کی تقرری**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 11 A کے مطابق، M/s Aslam Malik & Co., Chartered Accountants کو خصوصی کاروبار سے متعلق پولنگ کی نگرانی، ووٹوں کی جانچ پڑتال اور نتائج کی توثیق کے لیے کمپنی کا جانچ کنندہ (Scrutinizer) مقرر کیا گیا ہے۔

**11۔ غیر دعویٰ شدہ منافع اور بونس حصص**

وہ حصص یافتگان جو کسی وجہ سے اپنا منافع وصول نہ کر سکے ہوں، اپنے بونس حصص حاصل نہ کر سکے ہوں یا فزیکل شیئرز وصول نہ کر سکے ہوں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار M/s F.D Registrar Services (Pvt.) Ltd.، 17ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور A II-، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی سے رابطہ کریں تاکہ ان کے غیر دعویٰ شدہ منافع، بونس حصص یا دیگر واجبات کی بروقت وصولی ممکن بنائی جا سکے۔

براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی تعمیل میں، تمام غیر دعویٰ شدہ منافع جو ادائیگی کی مقررہ تاریخ سے تین سال تک وصول نہ کیا گیا ہو، وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں منتقل کر دیا جائے گا۔ اسی طرح غیر دعویٰ شدہ حصص سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے حوالے کر دیے جائیں گے۔

**12۔ فزیکل حصص کو بک انٹری فارم (Book-Entry Form) میں تبدیل کرنا**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کی تعمیل میں، تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لیے اپنے فزیکل حصص کو بک انٹری فارم (Book-Entry Form) میں تبدیل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ لہٰذا کمپنی کے وہ حصص یافتگان جن کے پاس فزیکل فولیوز یا شیئر سرٹیفکیٹس موجود ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے حصص کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں منتقل کروائیں۔

اس تبدیلی کے نتیجے میں حصص کی محفوظ تحویل، فوری خرید و فروخت کے لیے مارکیٹ تک آسان رسائی، گمشدگی یا نقصان کے خطرات سے تحفظ اور کم رسمی کارروائیوں کے ساتھ محفوظ اور مؤثر منتقلی جیسے فوائد حاصل ہوں گے۔ اس سلسلے میں مزید رہنمائی اور معاونت کے لیے حصص یافتگان کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**13۔ دیگر امور**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 185 اور SRO 452(1)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے مطابق، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے ہدایت جاری کی ہے کہ یہ بات واضح طور پر بیان کی جائے کہ غیر معمولی عمومی اجلاس (EOGM) کے موقع پر اراکین میں کسی قسم کے تحائف، یادگاری اشیاء یا مراعات تقسیم نہیں کی جائیں گی۔

# کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت اہم حقائق کا بیان

**مجوزہ لین دین کا مقصد**

سٹی فارما لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 279 تا 283 بمعہ دفعہ 285 کے تحت ایک اسکیمِ انتظام و تقسیمِ اثاثہ (Scheme of Arrangement and Demerger) کی منظوری دی ہے۔ اس اسکیم کے مطابق سٹی فارما لمیٹڈ کے بعض غیر منقولہ اثاثے Citi Core Holdings (Private) Limited کو منتقل کیے جائیں گے۔ Citi Core Holdings (Private) Limited ایک اسپیشل پرپزو ہیکل (SPV) ہے جو ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (REIT) کے ڈھانچے میں شمولیت اور اس کے قیام سے متعلق مقاصد کے حصول کے لیے قائم کیا گیا ہے۔

**اسکیم کے تحت منتقل کی جانے والی جائیدادیں**

اس مجوزہ اسکیمِ انتظام و تقسیمِ اثاثہ کے تحت سٹی فارما لمیٹڈ کی درج ذیل غیر منقولہ جائیدادیں Citi Core Holdings (Private) Limited کو منتقل کی جائیں گی:

1. جائیداد واقع موضع ہلو کی، ماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن، لاہور
2. جائیداد واقع E-71 حالی روڈ، گلبرگ III، لاہور۔

**معاوضہ (Consideration)**

مذکورہ جائیدادوں کی آزادانہ تشخیص (Independent Valuation) کرائی جا چکی ہے اور M/s Aslam Malik & Co., Chartered Accountants کی جانب سے ایک آڈیٹر سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا گیا ہے۔ اس کے مطابق Citi Core Holdings (Private) Limited بطور معاوضہ سٹی فارما لمیٹڈ کے حق میں 331,720,000 عام حصص، ہر ایک کی مالیت 10 روپے، جاری کرے گی۔

**مستقبل کا REIT ڈھانچہ (Future REIT Structure)**

اسکیم کے مؤثر ہونے کے بعد، سٹی فارما لمیٹڈ کا ارادہ ہے کہ وہ REIT Regulations, 2022 کے تحت REIT Units کے حصول کے بدلے اپنی SPV میں موجود حصص ایک REIT Trustee کو منتقل کر دے۔

**ڈائریکٹران کا مفاد (Directors' Interest)**

کمپنی کے ڈائریکٹران کا مجوزہ لین دین میں کوئی براہِ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں ہے، سوائے اس مفاد کے جو انہیں کمپنی کے حصص یافتگان کی حیثیت سے حاصل ہے۔

**نوٹ**

اسکیمِ انتظام (Scheme of Arrangement)، درخواست (Petition)، آڈیٹر سرٹیفکیٹ، ویلیوایشن رپورٹس اور دیگر متعلقہ دستاویزات کی نقول کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں دفتری اوقات کے دوران غیر معمولی عمومی اجلاس کی تاریخ تک معائنے کے لیے دستیاب رہیں گی۔

# سٹی فارما لمیٹڈ

## ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر

یہ بیلٹ پیپر سٹی فارما لمیٹڈ کے غیر معمولی عمومی اجلاس میں خصوصی کاروبار کے سلسلے میں ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے جاری کیا جارہا ہے، جو بروز بدھ، 08 جولائی 2026، دوپہر 2:00 بجے (پاکستانی معیاری وقت)، سٹی فارما لمیٹڈ کے ہیڈ آفس، Q-588، جوہر ٹاؤن، لاہور میں منعقد ہوگا۔

مکمل طور پر پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر اجلاس کے چیئرمین کو درج ذیل نامزد ای میل ایڈریس پر ارسال کیا جاسکتا ہے chairman@citipharma.com.pk

| | |
|---|---|
| حصص یافتہ/مشترکہ حصص یافتگان کا نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| فولیو نمبر CDC / پارٹیسپنٹ/انویسٹر آئی ڈی بمعہ سب اکاؤنٹ نمبر | |
| زیرِ ملکیت حصص کی تعداد | |
| CNIC / NICOP / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (نقل منسلک کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور منسلکات (کارپوریٹ اداروں، کارپوریشنز اور وفاقی حکومت کے نمائندوں کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| مجاز دستخط کنندہ کا قومی شناختی کارڈ (CNIC)، نائیکوپ (NICOP) یا پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں)۔۔۔ نقل منسلک کی جائے۔ | |

میں/ہم درج ذیل خصوصی قرارداد وں کے سلسلے میں بذریعہ پوسٹل بیلٹ اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرتے ہوئے مناسب خانے میں ✔ کا نشان لگا کر اپنی منظوری یا مخالفت کا اظہار کرتا/کرتے ہیں۔

## خصوصی قراردادیں

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 279 تا 283 اور 285 کے تحت مذکورہ کمپنیوں کے اراکین کے مابین اسکیمِ انتظام و تنظیمِ نو

معزز لاہور ہائی کورٹ، لاہور نے مقدمہ .C.O.N نمبر 33119 برائے 2026 میں مورخہ 04-06-2026 کو جاری کردہ اپنے حکم کے ذریعے سٹی فارما لمیٹڈ اور سٹی کور ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے اراکین کا غیر معمولی عمومی اجلاس (EOGM) منعقد کرنے کی ہدایت فرمائی ہے تاکہ مجوزہ سمجھوتوں، انتظامات اور تنظیمِ نو پر مشتمل اسکیم پر غور کیا جاسکے اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اسے منظور، اختیار اور قبول کیا جائے، اور درج ذیل قرارداد بغیر کسی ترمیم کے منظور کی جائے۔

**"متفقہ طور پر قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی متعلقہ دفعات کے تحت منسلک اسکیمِ انتظام و تنظیمِ نو، جو سٹی فارما لمیٹڈ (CPHL) اور سٹی کور ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے درمیان مرتب کی گئی ہے، منظور کی جاتی ہے۔"**

**مزید یہ قرار دیا جاتا ہے کہ**

**CPHL کے غیر منقولہ جائیدادی اثاثوں کو تقسیمِ اثاثہ (Demerger) کے ذریعے ایک نئی قائم شدہ اسپیشل پرپز وہیکل (SPV) میں منتقل کیا جائے گا، جو ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (REIT) کے قیام کے لیے ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ریگولیشنز 2022 کے تحت ایک لازمی پیشگی شرط ہوگی۔**

مزید یہ قرار دیا جاتا ہے کہ مذکورہ SPV، REIT Regulations کے مطابق، CPHL کے حق میں عوضی حصص (Consideration Shares) جاری کرے گی۔

مزید یہ قرار دیا جاتا ہے کہ REIT Regulations کے تحت بطور Strategic Investor، CPHL اپنی SPV میں موجود 100 فیصد شیئر ہولڈنگ REIT Scheme کی جانب سے REIT Trustee کو منتقل کرے گی اور REIT Regulations کے تحت درکار دیگر تمام طریقۂ کار اور شرائط اس قرارداد کا حصہ تصور ہوں گی۔

مذکورہ تمام امور متفقہ طور پر منظور اور قبول کیے جاتے ہیں۔

تاہم

یہ منظوری ایسی کسی بھی ترمیم یا تبدیلی کے تابع ہوگی جو معزز لاہور ہائی کورٹ، لاہور کی جانب سے ضروری قرار دی جائے۔

معزز لاہور ہائی کورٹ، لاہور کے مذکورہ حکم کی تعمیل میں دستخط کنندہ مقرر کردہ نمائندہ بذریعہ ہذا نوٹس جاری کرتا ہے کہ متعلقہ کمپنیوں کے اراکین کے غیر معمولی عمومی اجلاس 8 جولائی 2026 کو درج ذیل اوقات اور مقامات پر منعقد ہوں گے:

| کمپنی کا نام | مقام | وقت |
|---|---|---|
| سٹی فارما لمیٹڈ | 588-Q، بلاک M.A، جوہر ٹاؤن، لاہور | دوپہر 2:00 بجے |
| سٹی کور ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | 588-Q، بلاک M.A، جوہر ٹاؤن، لاہور | شام 3:00 بجے |

یہ اجلاس معزز لاہور ہائی کورٹ، لاہور کی جانب سے مقرر کردہ چیئرمین کی نگرانی میں منعقد ہوں گے۔

میں/ہم بذریعہ پوسٹل بیلٹ مذکورہ بالا خصوصی قراردادوں کے سلسلے میں مناسب خانے میں ✔ کا نشان لگا کر اپنی منظوری یا مخالفت کا اظہار کرتا/کرتے ہیں۔

| شمار | قرارداد کی نوعیت اور تفصیل | میں/ہم قرارداد کے حق میں (FOR) | میں/ہم قرارداد کے خلاف (AGAINST) |
|---|---|---|---|
| 1 | مندرجہ بالا ایجنڈا کے مطابق خصوصی قرارداد | ☐ | ☐ |

______________________________

حصص یافتہ/پراکسی ہولڈر/مجاز دستخط کنندہ کے دستخط

(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں کمپنی کی مہر ثبت کی جائے)

مقام ____________________

تاریخ ____________________

**ہدایات**

1۔ مکمل طور پر پُر شدہ پوسٹل بیلٹ فارم اجلاس کے چیئرمین کو **Q-588، جوہر ٹاؤن، لاہور** کے پتے پر یا ای میل **chairman@citipharma.com.pk** کے ذریعے ارسال کیا جائے۔

2۔ پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ **قومی شناختی کارڈ (CNIC)، نائیکوپ (NICOP) یا پاسپورٹ** (غیر ملکی کی صورت میں) کی نقل منسلک کرنا ضروری ہے۔

3۔ پوسٹل بیلٹ فارم **07 جولائی 2026 شام 5:00 بجے** تک اجلاس کے چیئرمین کو موصول ہو جانا چاہیے۔ مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قابلِ قبول نہیں ہوگا۔

4۔ اگر ووٹ کسی کارپوریٹ ادارے، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کے ذریعے دیا جا رہا ہو تو بیلٹ پیپر کے ساتھ مجاز نمائندے کے قومی شناختی کارڈ کی نقل، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مصدقہ قرارداد، پاور آف اٹارنی، اتھارائزیشن لیٹر یا دیگر متعلقہ دستاویزات، حسبِ اطلاق کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات **138** یا **139** کے مطابق، منسلک کرنا ضروری ہوگا۔ غیر ملکی کارپوریٹ ادارے کی صورت میں تمام دستاویزات متعلقہ دائرۂ اختیار میں تعینات **پاکستانی قونصل جنرل** سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں۔

5۔ پوسٹل بیلٹ فارم پر موجود دستخط قومی شناختی کارڈ (CNIC)، نائیکوپ (NICOP) یا پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخطوں سے مطابقت رکھنے چاہئیں۔

6۔ نامکمل، بغیر دستخط، غلط معلومات پر مشتمل، خراب شدہ، پھٹے ہوئے، مسخ شدہ یا اوور رائٹنگ والے بیلٹ پیپر مسترد کر دیے جائیں گے۔

7۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ **www.citipharma.com.pk** پر بھی دستیاب ہے، جہاں سے اراکین اسے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

# پراکسی فارم

سیکریٹری
سٹی فارما لمیٹڈ
Q-588، جوہر ٹاؤن، لاہور

میں/ہم ____________________ جو ____________________
سٹی فارما لمیٹڈ کے حصص یافتہ ہیں اور رجسٹر کے مطابق ____________________ عام حصص کے حامل ہیں، جن کا
فولیو نمبر /CDC اکاؤنٹ نمبر ____________________ بذریعہ ہذا
____________________ کا ____________________ حاملِ CNIC / پاسپورٹ نمبر ____________________
اور اگر وہ دستیاب نہ ہوں تو ____________________ کا ____________________ حاملِ CNIC / پاسپورٹ نمبر ____________________
کو اپنی پراکسی مقرر کرتا/کرتی ہوں تاکہ وہ میری/ہماری جانب سے اور میری/ہماری نمائندگی کرتے ہوئے سٹی فارما لمیٹڈ کے غیر معمولی عمومی اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ دے، جو بدھ، 8 جولائی 2026 کو دوپہر 2:00 بجے منعقد ہوگا، یا اس اجلاس کے کسی بھی مؤخر شدہ اجلاس میں میری/ہماری نمائندگی کرے۔

مورخہ 2026 ____________________

**گواہ نمبر 1**

دستخط ____________________

نام ____________________

شناختی کارڈ نمبر ____________________

پتے ____________________

(دستخط کمپنی کے ریکارڈ میں موجود نمونہ دستخط سے مطابقت رکھنے چاہئیں)

اراکین کے دستخط ____________________

**گواہ نمبر 2**

دستخط ____________________

نام ____________________

شناختی کارڈ نمبر ____________________

پتے ____________________

حصص یافتہ کا فولیو نمبر:
اور/یا CDC پارٹیسپنٹ شناختی نمبر:
اور سب اکاؤنٹ نمبر:
حصص یافتہ کا قومی شناختی کارڈ نمبر:

**نوٹ**

1۔ حصص یافتہ سے درخواست ہے کہ:

(الف) مقررہ خانے میں اسی طرز کے دستخط کریں جو کمپنی کے ریکارڈ میں موجود ہیں۔

(ب) اپنا فولیو نمبر واضح طور پر درج کریں۔

(ج) اس پراکسی فارم کے ساتھ اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC)، پاسپورٹ، بورڈ قرارداد (جہاں قابل اطلاق ہو) اور پراکسی ہولڈر کے CNIC کی مصدقہ نقل منسلک کریں۔

2۔ اس پراکسی فارم کی مؤثر حیثیت کے لیے ضروری ہے کہ یہ ہر لحاظ سے مکمل شدہ صورت میں اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہو جائے۔

3۔ CDS حصص یافتگان یا ان کے پراکسی ہولڈرز اپنی شناخت کے لیے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، Participant ID نمبر اور اکاؤنٹ نمبر اپنے ہمراہ لائیں۔ مزید تفصیلات غیر معمولی عمومی اجلاس کے نوٹس میں درج ہیں۔